# بدسلوکی، غفلت، استحصال یا نقصان کے خطرے سے دوچار بالغوں کو محفوظ رکھنے میں مدد دینا

## میں کس سے بات کر سکتا/سکتی ہوں / میں کیا کروں گا/گی؟

- اگر آپ سے بدسلوکی کی جا رہی ہے، تو اپنے بھروسے والے کسی فرد کو بتائیں
- اگر آپ کو کسی اور کے متعلق خدشات ہیں، تو معلوم کریں کہ آپ مدد کے لیے کیا کر سکتے ہیں
- اگر آپ مشکل حالات کے شکار کسی فرد کا خیال رکھ رہے ہیں، تو سماجی خدمات کے شعبے یا دیکھ بھال کرنے والوں کی تنظیم سے جلدی مدد حاصل کریں
- جتنی جلدی ممکن ہو سکے اپنے خدشات کی اطلاع دیں - فراہم کردہ رابطے کی تفصیلات دیکھیں
- اگر آپ سے بدسلوکی کی جا رہی ہے، تو اپنے بھروسے والے کسی فرد کو بتائیں یا کونسل کی اولین رابطہ ٹیم (First Contact Team) کو **020 8708 7333** پر یا **020 8553 5825** پر کال کریں (شام کے اوقات میں، ویک اینڈز پر اور سرکاری تعطیلات میں)

## میرے خدشات کے ساتھ کیا ہوتا ہے؟

ہم آپ کے خدشات کو سنجیدگی سے لیں گے۔ اگر کوئی خطرے میں ہے، اس کی سلامتی کو یقینی بنانا انتہائی اہمیت کا حامل ہو گا۔

جس فرد کے متعلق خدشہ ہے ہم اسے تمام تر فیصلہ سازی میں شامل رکھیں گے اور انہیں اس پر تبادلۂ خیال کرنے کے لیے اجلاسوں میں شریک ہونے کی دعوت دی جائے گی۔ وہ اپنے نمائندے/وکیل کے ساتھ ان اجلاسوں میں شریک ہونے کے قابل ہوں گے۔

تربیت یافتہ عملہ یہ فیصلہ کرنے کے لیے ایک حساس پوچھ گچھ یا تشخیص انجام دے گا کہ آپ کی یا جس فرد کے متعلق خدشہ ہے اس کی معاونت کیسے کی جائے۔

دی گئی مدد، اور کیا کیا جاتا ہے، اس کا انحصار حالات پر اور پوچھ گچھ یا تشخیص کے نتائج پر ہو گا۔

ان دیکھ بھال کرنے والوں کو معاونت فراہم کی جائے گی جو اس فرد جس کی وہ دیکھ بھال کر رہے ہیں کو نقصان پہنچنے کے متعلق فکرمند ہیں۔

## مدد حاصل کرنا

آپ کو اپنے متعلق یا جس شخص کے متعلق آپ فکرمند ہیں اس کے متعلق کسی بھی خدشے کی اطلاع جتنی جلدی ممکن ہو دیں

### First Contact Team

سوموار تا جمعہ، صبح 09:00 بجے تا شام 17:00 بجے

**020 8708 7333**

ای میل: adults.alert@redbridge.gov.uk

### ایمرجنسی ڈیوٹی ٹیم (Emergency Duty Team)

شام کے اوقات میں 17:00 بجے سے، ویک اینڈز اور سرکاری تعطیلات میں

**020 8553 5825**

### پولیس

**غیر ایمرجنسی 101**

ہنگامی حالت میں **999** ڈائل کریں

### Samaritans

**116 123** (مفت کالیں)

### رابطہ خدمت (Reach Out Service)

گھریلو بدسلوکی میں معاونت کے لیے

**0800 1456410**

ای میل: reachout@redbridge.gov.uk

یا اوقاتِ کار کے علاوہ **Refuge** کو **0808 2000 247** پر کال کریں

**مزید معلومات، مشورہ یا رابطہ نمبر**
**مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر دستیاب ہیں:**

**www.redbridge.gov.uk**

## Redbridge بالغوں کا حفاظتی بورڈ

Redbridge Safeguarding Adults



# Redbridge میں بالغوں کا تحفظ - مل جُل کر ہم بدسلوکی کو روک سکتے ہیں

بدسلوکی، غفلت، استحصال یا نقصان کے خطرے سے دوچار بالغوں کو محفوظ رکھنے میں مدد دینا

NHS North East London

Metropolitan Police — Working together for a safer London

NELFT NHS — NHS Foundation Trust

London Borough of Redbridge



## لوگوں کو محفوظ رکھنے میں مصروفِ عمل

ہر کسی کو حق حاصل ہے کہ وہ محفوظ محسوس کرے، اور بدسلوکی، غفلت یا استحصال کے خوف کے بغیر زندگی گزارے۔ Redbridge بالغوں کا حفاظتی بورڈ ایسی تنظیموں کے ساتھ شراکت داری کرتا ہے، جن میں مقامی محکمے، صحت کے شعبے اور پولیس کا ایسے لوگوں کی زندگی کو محفوظ تر بنانے کے لیے مل کر کام کرنا شامل ہے جو نقصان پہنچائے جانے کے سب سے زیادہ خطرے کی زد میں ہیں۔

آپ اس کام میں اس بات سے آگاہ ہو کر ہاتھ بٹا سکتے ہیں کہ بدسلوکی ہو سکتی ہے۔ آپ بدسلوکی کی نشانیاں تلاش کر کے اور آپ کے جو بھی خدشات ہو سکتے ہیں ان کی اطلاع دے کر فرق ڈال سکتے ہیں۔

## خطرے کی زد میں بالغ کون ہے؟

18 سال سے زائد عمر کا کوئی بھی شخص جو:

- معذوری یا بیماری کی وجہ سے نگہداشت اور معاونت کا ضرورت مند ہو؛ اور
- بدسلوکی یا غفلت کا سامنا کر رہا ہو یا اس کے خطرے کی زد میں ہو؛ اور
- نتیجتاً خود کو خطرے سے بچانے یا بدسلوکی یا غفلت کا سامنا کرنے سے بچانے سے قاصر ہو۔

## بدسلوکی کون کرتا ہے اور یہ کہاں ہوتی ہے؟

بدسلوکی کہیں بھی ہو سکتی ہے - کسی کے گھر میں، کیئر ہوم میں، کام پر، ڈے سنٹر یا ہسپتال میں۔ کوئی بھی فرد ایسے طریقے سے کام کر سکتا ہے جو بدسلوکی میں شمار ہو۔ یہ ضروری ہے کہ آپ ہمہ وقت ممکنہ بدسلوکی سے ہوشیار رہیں۔

## بدسلوکی کیا ہے؟

بدسلوکی ایک ایسی چیز ہے جو کسی نہ کسی طریقے سے ایک فرد کو نقصان پہنچاتی ہے، اس میں شامل ہے:

**جسمانی** کوئی بھی ایسی چیز جو جسمانی نقصان پہنچاتی ہے بشمول ضرب لگانا، دھکا دینا، جھنجھوڑنا یا دوا کا غلط استعمال، روک کر رکھنا یا غیر مناسب جسمانی پابندیاں لگانا۔

**گھریلو جھگڑا یا بدسلوکی** بشمول نفسیاتی، جسمانی، جنسی، مالیاتی، جذباتی بدسلوکی اور نام نہاد 'غیرت' کے نام پر تشدد۔

**جنسی** کوئی بھی جنسی سرگرمی جسے کوئی شخص نہ سمجھے یا نہ چاہے، بشمول جنسی استحصال۔

**نفسیاتی یا جذباتی بدسلوکی** بشمول چیخنا، گالیاں دینا یا دھمکیاں دینا جو شخص کو خوف یا ذلالت کا احساس دلاتی ہیں۔ اس میں انٹرنیٹ پر دھونس جمانا، خدمات یا امدادی حلقوں سے نامعقول اور بلا جواز دستبرداری بھی شامل ہے۔

**مالی یا مادی** بشمول چوری، دھوکہ دہی، انٹرنیٹ پر دھوکہ دہی، کسی شخص کے پیسے، فوائد، املاک (کیوکوئنگ)، پنشن، بینک اکاؤنٹ یا دیگر سامان کا غیر قانونی یا غلط استعمال۔

**جدید غلامی** بشمول غلامی، انسانی سمگلنگ، جبری مشقت اور گھریلو غلامی جو انسان کو بدسلوکی اور غیر انسانی سلوک والی زندگی پر مجبور کرتی ہے۔

Redbridge Safeguarding Adults





**امتیازی** بشمول نسل پرستانہ یا جنس پرستانہ بدسلوکی یا کسی شخص کی عمر، معذوری، صنف، جنسی رجحان یا مذہب کی بنیاد پر بدسلوکی۔

**تنظیمی** بشمول کسی ادارے یا مخصوص نگہداشتی ماحول جیسے کہ ہسپتال، کیئر ہوم یا کسی شخص کے گھر میں فراہم کی جانے والی نگہداشت کے اندر غفلت برتنا اور ناقص نگہداشت فراہم کرنا۔

**غفلت اور کوتاہی کے افعال** مدد، معاونت یا درکار دوا نہ دینا بشمول خوراک، مشروبات یا طبی نگہداشت فراہم نہ کرنا۔

**ذاتی غفلت** کسی فرد کی طہارت، صحت یا آس پاس کا خیال رکھنے سے غفلت برتنے والے کئی طرح کے رویوں کا احاطہ کرتی ہے۔

**بنیاد پرستی** جہاں کسی فرد یا گروہ کو انتہائی سیاسی، سماجی یا مذہبی نظریات اپنانے کی ترغیب دی جاتی ہے جو انہیں خطرے میں ڈال سکتے ہیں۔

**نسوانی ختنہ (FGM)** غیرطبی وجوہات کی بناء پر خواتین کے بیرونی نسوانی اعضاء کو جزوی طور پر یا مکمل طور پر نکال دینا۔